SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 29, 2026




# Pakistan Records Strong IPO Momentum as 10 Companies Raise Over Rs. 20 Billion

**ISLAMABAD, June 29:** The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) approved ten Initial Public Offerings (IPOs) for listing on the Pakistan Stock Exchange (PSX) during the first half of 2026. Nine companies have already completed their IPOs, raising more than Rs. 20 billion through public offerings, while the book building for LSE SPAC-II is scheduled to take place in the coming days. The strong IPO momentum came despite regional uncertainty and geopolitical tensions, demonstrating the resilience of Pakistan's capital market and sustained investor confidence.

The robust IPO pipeline also reflects the success of the Securities and Exchange Commission of Pakistan's (SECP) reforms to simplify regulations, facilitate capital raising, and encourage more companies to access the capital market.
The IPOs spanned a diverse range of sectors, including manufacturing, petroleum, dairy, Islamic finance, poultry, real estate, and technology, highlighting the growing depth and breadth of Pakistan's capital market.

Service Long March Tyres Limited raised Rs. 7.77 billion to establish a passenger car tyre manufacturing plant in Nooriabad. Sitara Petroleum raised Rs. 4.83 billion, with its IPO fully subscribed in just eight minutes and attracting demand seven times the shares offered. Ghani Dairies raised Rs. 3.44 billion, becoming Pakistan's first listed corporate dairy farm, while Wahdat Poultry raised nearly Rs. 1 billion for business expansion. Pak-Qatar General Takaful, Pakistan's first listed non-life Takaful company, received institutional demand 21 times the shares offered and attracted more than 13,000 retail investors. The period also saw the successful listing of Signature Residency REIT and JS Rental REIT, expanding investment opportunities in professionally managed real estate. Pakistan's first LSE SPAC-I was listed, while LSE SPAC-II received SECP approval. Select Technologies also joined the market, reflecting growing investor interest in Pakistan's technology and manufacturing sectors.

SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu reaffirmed the Commission's commitment to further simplify listings and make stock market investing easier and more accessible. He said SECP's objective is to expand investor participation, enable more Pakistanis to share in the country's growth, and strengthen capital markets as a key driver of investment and economic development.

SECURITIES AND EXCHANGE
COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**
For immediate release
June 29, 2026




# جنوری تا جون 2026: پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں 10 آئی پی اوز کے ذریعے 20 ارب روپے سے زائد سرمایہ پیدا کیا گیا

اسلام آباد، 29 جون: سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سال 2026 کی پہلی ششماہی (جنوری تا جون) کے دوران پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں ابتدائی عوامی پیشکشوں کے لیے 10 کمپنیوں کو منظوری دی۔ اس عرصے کے دوران لسٹ ہونے والی 9 کمپنیوں نے حصص کی عوامی پیشکش کے ذریعے 20 ارب روپے سے زائد سرمایہ حاصل کیا، جبکہ ایل ایس ای اسپیک ٹو کے آئی پی او کی بک بلڈنگ آئندہ چند روز میں متوقع ہے۔

خطے میں کشیدگی اور غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی کارکردگی خطے کی بیشتر اسٹاک ایکسچینجز سے بہتر رہی۔ 2026 کی پہلی ششماہی میں آئی پی اوز کی مضبوط رفتار پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کی مضبوطی اور سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاس ہے۔ یہ کامیابی ایس ای سی پی کی اصلاحات کا بھی نتیجہ ہے، جن کے ذریعے قواعد و ضوابط کو آسان بنایا گیا، کمپنیوں کے لیے سرمایہ حاصل کرنا سہل ہوا، اور مزید کاروباری اداروں کو کیپٹل مارکیٹ سے سرمایہ حاصل کرنے کی ترغیب ملی۔ یہ آئی پی اوز مینوفیکچرنگ، پیٹرولیم، ڈیری، اسلامی مالیات، پولٹری، رئیل اسٹیٹ اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھتے ہیں، جو پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ کے بڑھتے ہوئے تنوع اور وسعت کی عکاسی کرتے ہیں۔

سروس لانگ مارچ ٹائرز لمیٹڈ نے نوری آباد میں مسافر گاڑیوں کے ٹائروں کی جدید مینوفیکچرنگ سہولت کے قیام کے لیے 7.77 ارب روپے حاصل کیے۔ ستارہ پیٹرولیم نے 4.83 ارب روپے اکٹھے کیے، جبکہ اس کا آئی پی او صرف آٹھ منٹ میں مکمل طور پر سبسکرائب ہو گیا اور دستیاب شیئرز کے مقابلے میں سات گنا زیادہ طلب موصول ہوئی۔ غنی ڈیریز نے 3.44 ارب روپے حاصل کر کے پاکستان کی پہلی لسٹڈ کارپوریٹ ڈیری فارم کمپنی بننے کا اعزاز حاصل کیا، جبکہ وحدت پولٹری نے کاروباری توسیع کے لیے تقریباً 1 ارب روپے جمع کیے۔ پاکستان کی پہلی لسٹڈ نان لائف تکافل کمپنی پاک قطر جنرل تکافل کے آئی پی او کو غیر معمولی پذیرائی ملی، جہاں ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کی طلب پیش کیے گئے شیئرز سے 21 گنا زیادہ رہی، جبکہ 13 ہزار سے زائد ریٹیل سرمایہ کاروں نے بھی اس میں حصہ لیا۔

اسی عرصے کے دوران سگنیچر ریزیڈنسی اور جے ایس رینٹل کی کامیاب لسٹنگ سے عوام کو پیشہ ورانہ انداز میں منظم رئیل اسٹیٹ منصوبوں میں سرمایہ کاری کے نئے مواقع میسر آئے۔ پاکستان کی پہلی ایل ایس ای اسپیک بھی لسٹ ہوئی، جبکہ ایل ایس ای اسپیک کو ایس ای سی پی کی منظوری حاصل ہوئی۔ سلیکٹ ٹیکنالوجیز کی لسٹنگ نے بھی پاکستان کے ٹیکنالوجی اور مینوفیکچرنگ شعبوں میں سرمایہ کاروں کی بڑھتی ہوئی دلچسپی کو اجاگر کیا۔ ایس ای سی پی کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر احمد صدیق نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کمیشن لسٹنگ کے عمل کو مزید آسان بنانے اور اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کو زیادہ سہل اور عوام کی دسترس میں لانے کے لیے اصلاحات کا سلسلہ جاری رکھے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایس ای سی پی کا مقصد سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ، زیادہ سے زیادہ پاکستانیوں کو ملکی ترقی میں شریک کرنا، اور کیپٹل مارکیٹ کو سرمایہ کاری اور اقتصادی ترقی کے ایک مؤثر ذریعہ کے طور پر مزید مضبوط بنانا ہے۔